# سلائی کے بنیادی طریقے

## سیون اور سیون کی پختگی

سیون لباس کی سلائی میں بنیادی عنصر ہے اور لباس کے حسب منشا طرز وضع انہی کی مدد سے حاصل ہوتی ہے۔ سیون کی پختگی سے مراد وہ سلائی ہے جو کپڑے کے کناروں کو صاف ستھرا اور پکا کرنے کے لیے کی جاتی ہے۔ اور اس کی مدد سے کپڑے کے کناروں سے دھاگے بھی نہیں نکلتے۔ اس کے علاوہ لباس کی سلائی میں پائیداری آجاتی ہے۔ لباس کی سلائی کے لیے عموماً چار قسم کی سیون استعمال ہوتی ہیں۔

1۔ سادہ سلائی یا سیون (Plain Seam)

2۔ گم سلائی (French Seam)


3۔ بند اور جمی ہوئی سلائی (Lapped Seam)

4۔ چپٹی سلائی (Flat Fell Seam)

### 1۔ سادہ سلائی



لباس کی سلائی میں اس کا استعمال سب سے زیادہ ہوتا ہے اور یہ سوتی، ریشمی اور اُونی کپڑوں پر استعمال ہوتی ہے۔ اس میں کپڑے کی سیدھی طرف اندر اور اُلٹی طرف باہر رکھی جاتی ہے۔ اس سیون کے کناروں کی پختگی درج ذیل طریقوں سے کی جاتی ہے۔




(i)

(i) سادہ سلائی کے کناروں کو (Pinking Shears) یا سادہ قینچی سے اس شکل میں کاٹ لیا جاتا ہے۔ جس سے کپڑے کے سروں سے دھاگے نہیں نکلتے۔ زیادہ دھاگا نکلنے والے کپڑوں پر مشین سے بخیہ کیا جاتا ہے۔




(ii) سادہ سلائی کے کناروں کو 3 س م اندر موڑ کر مشین کے لمبے ٹانکے سے بخیہ کرلیں اسکو Edge Stitching کہتے ہیں۔




(iii) سادہ سلائی کے کناروں پر وتری ٹانکے (Over Cast) لگائے جاتے ہیں۔ یہ ٹانکے سلائی کے بعد سوئی دھاگے سے لگائے جاتے ہیں۔


## 2۔ گُم سلائی


جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے۔ اس سلائی میں کنارے اس طرح سے بند کر دیے جاتے ہیں کہ کسی قسم کے سلے ہوئے سرے نظر نہیں آتے۔ یہ سلائی عموماً باریک کپڑوں پر کی جاتی ہے۔ جن کے سرے سیدھی طرف نظر آتے ہیں۔ یہ سلائی بھاری اور موٹے کپڑوں کے لیے موزوں نہیں ہے۔ اس کے علاوہ یہ خم دار جگہوں اور گہرائی میں استعمال نہیں ہوسکتی۔ سیدھی سلائیوں میں یہ نرم و نفیس رہتی ہے۔

### بنانے کا طریقہ

(i) کپڑے کی اُلٹی طرف اندر اور سیدھی طرف باہر رکھ کر سلائی کریں۔ یہ سلائی کنارے کے بالکل ساتھ ساتھ ہونی چاہیے۔

(ii) اُلٹی طرف سے سادہ سلائی کی طرح سی لیں۔ اگر پہلی سلائی کے سرے چوڑے ہوں اور دوسری سلائی میں نظر آئیں تو ان کو پہلے تھوڑا سا کاٹ لیں تا کہ دوبارہ سلائی کرنے سے کپڑے کے سرے نظر نہ آئیں۔





## 3۔ بند اور جمی ہوئی سلائی

یہ سلائی چنٹ والے، جھول دار اور پلیٹ والے حصوں کی سلائی کو بٹھانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔



اس کے علاوہ زنانہ و مردانہ کرتوں پر بھی کی جاتی ہے۔اس میں سادہ سلائی کی طرح ایک سلائی کی جاتی

ہے۔چنٹ والے اور جھول دار حصوں کے لیے پہلے اُلٹی طرف سے سلائی کی جاتی ہے اور پھر سیدھی طرف


سے سلائی کو استری کر کے اس پر اس طرح سے سلائی کی جاتی ہے کہ چنٹ یا جھول والا حصہ اچھی طرح بیٹھ

جائے۔

## 4۔ چپٹی سلائی

یہ مردانہ کپڑوں پر کی جاتی ہے۔اس کے علاوہ بچوں کے کھیل کے کپڑوں اور جینز (jeans) وغیرہ پر بھی ہوتی ہے یہ بہت

پائدار اور آرام دہ سلائی ہے۔لیکن گولائی والے اور پلیٹ والے حصوں پر مشکل سے ہوتی ہے۔



### بنانے کا طریقہ

(i) کپڑے پر سادہ سلائی کریں۔

(ii) کپڑے کے دونوں سرے ایک طرف کو موڑ کر استری کریں۔

(iii) اندر والے سرے کو تقریباً آدھا کاٹ لیں۔

(iv) دوسرے چوڑے سرے کو موڑ کر کاٹے ہوئے سرے کے اُوپر رکھ کر سلائی کریں۔

## کاج بنانا

کاج عام طور پر دوہری پٹی پر بنائے جاتے ہیں اور دو رخ میں بنتے ہیں۔یعنی عمودی رُخ میں اور اُفقی رخ میں۔



اُفقی رخ کا کاج



عمودی رخ کا کاج

## 1۔ عمودی رُخ کے کاج

اس رُخ کے کاج میں دونوں طرف دھاگے کا بند(Bar) بنتا ہے۔


### بنانے کا طریقہ

(ا) کاج کی لمبائی کا تعین بٹن کے لحاظ سے کریں اور 2 س م پر ہاتھ سے یا مشین سے بخیہ کریں۔ (شکل ا)

(ب) کاج کو درمیان سے کاٹ لیں اور کناروں پر وتری ٹانکے (Over Cast) کرلیں۔ (شکل ب)

(ج) دائیں سے بائیں طرف کاج ٹانکا کریں اور ایک سرے پر پہنچ کر دھاگے کے دو ٹانکے سیدھے سیدھے لے کر کنارہ پکا کریں (شکل ج)

(د) یہی عمل دہرائیں۔کاج تیار ہے۔(شکل د)




## 2۔ اُفقی رُخ کے کاج


اس رُخ کے کاج کے ایک سرے پر دھاگے کا بند(Bar) اور دوسری طرف کے سرے پر کاج ٹانکے کو پنکھے کی شکل میں بنایا جاتا ہے۔

(الف) کاج کے سائز کا تعین بٹن کے لحاظ سے کریں اور 2 س م پر مشین سے یا ہاتھ سے بخیہ کرلیں۔ (شکل ا)

(ب) کاج کو درمیان سے کاٹ لیں اور کناروں پر وتری ٹانکے کرلیں۔(شکل ب)

(ج) دائیں سے بائیں طرف کاج ٹانکا کریں۔ لمبائی ختم ہونے پر ٹانکوں کا رُخ گولائی میں موڑتی جائیں اور دوسری طرف بھی کاج ٹانکا کرتے ہوئے دوسرے کنارے پر سوئی لائیں۔(شکل ج)

(د) اس حصے میں سوئی سے سیدھے سیدھے دو ٹانکے لیں اور کنارہ پکا کرلیں۔(شکل د)



## بٹن لگانا



بٹن عموماً دو اور چار سوراخ والے ہوتے ہیں اور تقریباً ایک ہی طریقے سے لگائے جاتے ہیں۔

### لگانے کا طریقہ




1۔ شکل کے مطابق بٹن کے اُوپر پن رکھیں۔ سوئی میں دوہرا دھاگا ڈالیں اور سوئی ایک سوراخ سے نکال کر دوسرے سوراخ میں ڈالیں۔ یہی عمل دو تین بار دہرائیں۔




2۔ اب پن کو نکال لیں اور بٹن کو اُوپر سے ہاتھ سے پکڑیں۔ کپڑے کے اوپر اور بٹن کے درمیان والے حصے میں سوئی والے دھاگے سے بند باندھ دیں۔ اس طرح قمیض پر لگا ہوا بٹن مضبوط رہتا ہے اور اس میں کھچاؤ پیدا نہیں ہوتا۔

## ہک لگانا

آمنے سامنے والی پٹی پر گول ہک لگایا جاتا ہے (شکل ا) اور نیچے آنے والی پٹی پر سیدھا ہک لگایا جاتا ہے۔ (شکل ب)



ب



ا

### لگانے کا طریقہ

1۔ ہک لگانے کے لیے پٹی پر جگہ کا تعین کر کے چاک سے نشان لگالیں۔


2۔ ہک کا کُنڈے والا سرا دونوں سوراخوں میں سے ٹانکے لے کر مضبوط کریں۔ اس کے بعد سوئی کو کپڑے کے نیچے سے سیدھی طرف نکال

کر دو تین ٹانکے لگائیں اور نیچے کی طرف گزار کر پکا کر لیں۔

3۔ دُوسری پٹی پر ہُک کا دوسرا حصہ پہلے حصے کے سامنے رکھیں۔ اور دونوں سوراخوں میں سے اوپر نیچے ٹانکے لے کر پکا کریں۔

## قمیض کے بنیادی گلے بنانا

قمیض پر عموماً چار قسم کے بنیادی گلے بنتے ہیں۔ مثلاً گول، چوکور، وی اور یو گلا۔ ہر گلے کا خاص سائز ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ اچھا لگتا ہے۔ لیکن پسند کے مطابق گلے کا سائز چھوٹا یا بڑا کیا جاسکتا ہے۔ یہاں پر ان چاروں کا مناسب سائز دیا گیا ہے۔ ان کو سمجھنے کے بعد پہلے کاغذ پر گلا کاٹ کر دیکھ لیں۔ لیکن مہارت ہونے پر قمیض کا ڈرافٹ بناتے ہوئے پسند کے مطابق گلے کا ڈیزائن بنالیں۔ قمیض میں کرتے والا گلا بھی بنایا جاتا ہے۔ اس کا بنیادی سائز 23 س م ہے۔ اس کے اگلے حصے میں پٹی بنتی ہے جو پسند کے مطابق بڑی چھوٹی کی جاسکتی ہے۔




### بنانے کا طریقہ

قمیض کے گلے پر پٹی درج ذیل طریقوں سے لگائی جاتی ہے۔

(i) سیدھی پٹی (Shaped or Fitted Facing) (ii) اریب یا ترچھی پٹی (Bias Facing)

(iii) مغذی (Piping)


### (i) سیدھی پٹی لگانے اور کاٹنے کا طریقہ

1۔ قمیض کو لمبائی کے رُخ تہ لگا کر ناپ کے مطابق اگلے پچھلے حصے کا گلا کاٹ لیں۔

2۔ اب بچے ہوئے کپڑے کا 25 س م مربع ٹکڑا لے کر لمبائی کے رُخ تہ لگائیں اور اس پر قمیض کا اگلا حصہ رکھ کر گلے کی شکل کو ٹریس کرلیں۔ اب 2.5 س م چوڑائی پر گلے کی شکل کے مطابق نشان لگائیں اور اس نشان پر کپڑا کاٹ لیں۔


3۔ قمیض کے پچھلے حصے کے لیے بھی یہی طریقہ دُہرائیں اور جس جگہ سے اگلے حصہ کے گلے کی کٹائی کی گئی ہے۔ اسی جگہ پر رکھ کر ٹریس کرلیں اور 2.5 س م پر گلے کی چوڑائی کا نشان لگا کر کپڑا کاٹ لیں۔

4۔ کاٹی ہوئی دونوں پٹیوں کو کندھوں سے سی لیں۔ قمیض کے کندھوں کی سلائی بھی کرلیں اور قمیض کے کندھوں کے ساتھ رکھ کر گولائی میں سلائی کرلیں۔




5۔ کندھے کی سلائیوں کو استری کرکے جمالیں اور پٹی کے سرے کو 3 س م موڑ کر کچا کرلیں۔

6۔ اب پٹی کو سیدھی طرف سے قمیض کی اُلٹی طرف موڑیں۔ تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ٹنک لگائیں اور سلائی کو اچھی طرح بٹھالیں تاکہ پٹی سیدھی طرف سے نظر نہ آئے۔ اس کو کچا کرنے کے بعد ترپائی کریں اور مکمل ہونے پر استری کرلیں۔




### (ii) اریب یا ترچھی پٹی کاٹنے، جوڑنے اور لگانے کا طریقہ

اریب پٹی تانے اور بانے کے 45 ڈگری کے زاویے پر کاٹی جاتی ہے۔ یہ نہایت لچکدار ہوتی ہے اور لباس میں گولائی والے حصوں کو مکمل کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

## کاٹنے کا طریقہ



(i)

(i) کپڑے کو لمبائی سے چوڑائی کے رُخ اس طرح موڑیں کہ تکون بن جائے۔


(ii) تہ پر استری کر لیں اور 2.5×2.5 س م پر نشان لگا کر پٹی کاٹ لیں۔
پٹی کا ایک سرا چوڑا اور دوسرا تنگ بنے گا۔




(ii)

(iii) لمبی پٹی بنانے کے لیے دو پٹیوں کو آپس میں ملا کر جوڑنا ضروری ہے۔

(iv) جوڑنے کے لیے دونوں پٹیوں کو آپس میں اس طرح رکھیں کہ ایک پٹی کی سیدھی طرف اُوپر اور دُوسری پٹی کی اُلٹی طرف اُوپر ہو۔ اس پر سلائی کر لیں اور الٹی طرف سے سلائی کو کھول کر استری کر لیں۔ اور تیار ترچھی پٹی کے دونوں طرف سے بڑھے ہوئے سرے کاٹ دیں۔



(iv)




(iii)

قمیض کے گلے

(i) گلے کے سائز کے مطابق اندازاً ترچھی پٹیاں اوپر دیے گئے طریقے سے جوڑ لیں۔



ا

(ii) قمیض کے کندھے کی سلائی کر لیں۔ (ا)

(iii) پٹی کے ایک سرے کو قمیض کی سیدھی طرف سے کندھے پر رکھ کر کچا کرتے ہوئے پورے گلے پر لگانے کے بعد دُوسرے سرے کو سی لیں (ب)



ج



ب

(iv مشین سے سلائی کرنے کے بعد تھوڑے تھوڑے فاصلے پر قینچی سے ٹک لگا لیں۔ پٹی کو اندر کی طرف موڑ لیں اور استری سے سلائی کو اچھ
طرح بٹھائیں تا کہ سیدھی طرف سے پٹی نظر نہ آئے۔ اس پٹی کو 6 س م اندر کی طرف موڑ کر قمیض کے ساتھ کچا کر لیں یا پن لگا لیں ا
ترپائی کر لیں۔ (ج)

## 3- قمیض کے گلے پر مغزی لگانے کا طریقہ


مغزی لگانے کے لیے ہمیشہ ترچھی پٹی استعمال کی جاتی ہے۔ مغزی لگانے سے پہلے قمیض کے گلے کے کنارے پر مشین سے بخیہ کریں۔ اس سے گلے کی شکل صحیح رہتی ہے۔

1- 2.5 س م چوڑی ترچھی پٹی کاٹ لیں۔ اس کی لمبائی قمیض کے گلے کے برابر یا ذرا بڑی ہونی چاہیے۔

2- قمیض کے کندھے کی سلائی کر لیں اور دونوں طرف سے سلائی کو پھیلا کر استری کر لیں۔ سیدھی طرف پٹی رکھ کر قمیض کے کندھے سے کچا کریں۔ اندر کی طرف سے مغزی کو کھینچ کر رکھیں۔ آخری دونوں سرے آپس میں سی لیں۔ اور پھر مشین سے سلائی کر لیں۔

3- گلے کی مغزی کو باہر کی طرف رکھ کر استری کریں۔

4- قمیض کی سیدھی طرف سے مغزی کو اندر کی طرف موڑیں اور پہلی سلائی کے اوپر لا کر کچا کر لیں۔ بعد میں ترپائی کر لیں۔ خیال رہے کہ ترپائی کرتے ہوئے ٹانکے پہلی سلائی کے بخیوں میں سے لیے جائیں۔ تا کہ قمیض کی سیدھی طرف سے گلے پر ٹانکے نظر نہ آئیں۔



## قمیض میں کُرتے والی پٹی بنانا

اس میں دائیں طرف کاج اور بائیں طرف بٹن لگاتے ہیں۔ پٹی کی کٹائی اور سلائی کے لیے نمبروں کے ساتھ ساتھ اشکال کے نمبر بھی دیکھتی جائیں۔

1۔ سیدھی طرف سے قمیض کے گلے کے درمیان سے 6 س م دائیں طرف نشان لگا کر 20 س م (آٹھ انچ) کی لمبائی میں کاٹیں اور آخر میں دونوں طرف چھوٹا سا ٹک لگائیں۔ (شکل ا)

2،3- دو پٹیاں کاٹیں جن میں سے ایک 4 س م چوڑی اور 23 س م لمبی اور دُوسری 7.5 س م چوڑی اور 23 س م لمبی ہو۔ (شکل ج)

4۔ 4 س م×23 س م پٹی کو لمبائی کے رُخ تین برابر حصوں میں تہ کریں۔ بہتر ہے کہ استری کرلیں۔ (شکل ب)

5۔ تہ کی ہوئی پٹی کو قمیض کی کاٹی ہوئی لمبائی میں چوڑے حصّے کی طرف اس طرح رکھیں کہ پٹی کا 6 س م والا حصّہ باہر کی طرف ہو۔ اوپر سے ذرا سا کنارا موڑ کر پٹی نیچے رکھ کر مشین سے سلائی کرلیں۔ اس پٹی پر بٹن لگائے جائیں گے۔ (شکل د)

6۔ 7.5 س م×23 س م پٹی کا ایک لمبائی والا سرا قمیض کی پٹی کی دُوسری طرف لگا کر سی لیں اور اندر کی طرف موڑ کر ترپائی کرلیں۔


7۔ 7.5 س م×23 س م پٹی ترپائی کرنے کے بعد نچلی پٹی پر اس طرح رکھیں کہ بند کرنے پر یہ ایک دوسرے کے اوپر آئے۔ نیچے سے شکل کے مطابق موڑ کر ترپائی کرلیں۔ نچلی پٹی پر بٹن اور اُوپر والی پٹی پر کاج بنالیں۔ (شکل ہ)




ا



ب



ج




د




ہ

## قمیض کے پچھلے حصّے میں زِپ لگانا

قمیض کے پچھلے حصّے میں لگائی جانے والی زپ کپڑے کے رنگ کے مطابق ہونی چاہیے۔ لگانے سے پہلے زپ کو کھول کر اور بند کر کے دیکھنا ضروری ہے ورنہ زپ خراب ہونے پر سلائی میں مشکل پیش آتی ہے۔ زپ لگانے کے لیے ہدایات کے نمبروں کے ساتھ ساتھ اشکال کے نمبر بھی دیکھتی جائیں۔




1۔ زپ۔

2۔ زپ کی لمبائی سے 5 س م (دو انچ) چوڑی کپڑے کی پٹی کاٹ لیں۔

3۔ پٹی کو لمبائی کے رُخ درمیان سے سیدھی طرف باہر رکھ کر استری کر لیں اور قمیض کے پچھلے حصّے کو بھی درمیان سے لمبائی کے رُخ استری کر لیں۔

4۔ یہ پٹی قمیض کے پچھلے حصّے کی درمیانی تہ پر سیدھی طرف سے رکھیں اور ایک سرے سے دُوسرے سرے تک سی لیں۔


5۔ درمیان میں سے قمیض اور پٹی کو کاٹ کر قمیض کو اُلٹی طرف موڑ لیں۔

6۔ زپ کو پٹی کے نیچے اس طرح رکھیں کہ کنارے کے ساتھ رہے۔ زپ کھول کر مشین سے بخیہ کرتے ہوئے نچلی طرف سے دوسری طرف موڑ لیں۔

7۔ زپ کو بند کر لیں اور دُوسری طرف سے 6 س م پر بخیہ کر لیں۔ اس طرح زپ دونوں طرف سے سِل جائے گی۔

## فراک کا کالر بنانا

کالر بنانے کے لیے فراک کے بنیادی خاکے سے گلے کا ناپ لیا جاتا ہے۔ بنیادی خاکہ بنانے کا طریقہ کپڑوں کی تیاری والے باب میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔





1۔ کالر بنانے کے لیے بنیادی خاکے کے اگلے اور پچھلے حصے کو آپس میں اس طرح ملائیں کہ گلے کی طرف سے سرے مل جائیں۔ لیکن مونڈھے کی طرف سے 0.6 س م پچھلا حصہ اگلے حصے کے اُوپر ہو۔ اس طرح ا سے ب تک کالر کا پچھلا حصہ اور ب سے ج تک کالر کا اگلا حصہ بنے گا۔

2۔ ا اور ج سے کالر کی چوڑائی 5 س م ناپ کر پوری گولائی کرلیں۔


3۔ کاٹنے کے بعد 0.6 س م ناپ کر سلائی کے لیے نشان لگائیں۔

### کٹائی کرنا

کالر کی کٹائی دو طریقوں سے کی جاتی ہے۔



2



1

1۔ کالر کا ڈرافٹ کپڑے کی کنی کے رُخ سے دوہری تہ پر پن کرلیں۔ چاک سے نشان لگائیں اور کٹائی کرلیں۔ اسی طرح ایک اور کالر کاٹ لیں۔ کیونکہ کالر ہمیشہ دوہرا بنتا ہے۔ لیکن اس کی کٹائی الگ الگ کی جاتی ہے۔ اس طرح سائز ٹھیک بنتا ہے۔ ورنہ اکٹھا کاٹنے سے کالر چھوٹا بڑا ہو سکتا ہے۔

2۔ دُوسرے طریقے سے کالر کاٹنے کے لیے کپڑے کا چوکور ٹکڑا لیا جاتا ہے۔ جس کا سائز کالر سے تقریباً 10 س م بڑا ہونا چاہیے۔ اس چوکور کو اس طرح دوہرا کریں کہ مثلث بن جائے۔ اب اس مثلث کی دوہری طرف کالر کا ڈرافٹ رکھ کر نشان لگائیں اور کٹائی کرلیں۔

### سلائی

1۔ سینے کے لیے ہمیشہ پہلے کالر کو باہر کی طرف سے مشین سے گولائی میں جوڑلیں۔


2۔ 2.5 س م پر سلائی میں ٹک لگائیں تاکہ کالر اچھی طرح موڑا جا سکے۔ سینے کے بعد کالر کو سیدھا کر لیں۔ فراک کے گلے کے سائز کے برابر 2.5 س م چوڑی ترچھی پٹی کاٹ لیں۔

3۔ فراک کو کندھوں سے سینے اور اگلی یا پچھلی پٹی بنانے کے بعد کالر کو گلے کی پٹی چھوڑ کر لگائیں۔ لیکن ترچھی پٹی کو گلے کے شروع سرے پر رکھیں اور مشین سے سی لیں۔


4۔ اب گلے کی سلائی میں 2.5 س م پر ٹک لگائیں اور ترچھی پٹی موڑ کر ترپائی کر لیں۔




1



2



3



4

# صحیح ناپ لینے کا طریقہ

آپ پچھلے ابواب میں مناسب ناپ کی اہمیت کے بارے میں پڑھ چکی ہیں۔ یہاں پر آپ کو جسم کے مختلف حصّوں کا ناپ لینے کا طریق کار تصاویر کی مدد سے بتایا گیا ہے۔ ان کو مدِنظر رکھتے ہوئے اپنے جسم کا ناپ لیں تا کہ ڈرافٹ تیار کیا جا سکے۔



1

## 1۔ تیرے کا ناپ

یہ ناپ بائیں سے دائیں کندھے تک لیا جاتا ہے اس کے لیے فیتہ صحیح جگہ پر رکھنا ضروری ہے۔ ورنہ قمیض کندھے سے نیچے لٹکے گی یا اُوپر چڑھے گی۔ جس سے کھچاؤ پیدا ہوگا۔ تیرے کا ناپ لینے کے لیے فیتے کو صحیح جگہ پر رکھنے کے لیے تصویر نمبر 1 کو غور سے دیکھیں۔



2

## 2۔ گدی سے کمر تک کا ناپ

اس ناپ کے لیے فیتہ گردن کی پچھلی درمیانی ہڈی (جو چھونے پر محسوس ہوتی ہے) پر رکھیں اور لمبائی میں کمر تک لے جائیں۔ یہ ناپ قمیض کا ڈرافٹ بنانے کے لیے لیا جاتا ہے۔ اس لیے ناپ صحیح نہ لینے سے قمیض کی فٹنگ متاثر ہوتی ہے۔ فیتہ کی پوزیشن کے لیے تصویر نمبر 2 دیکھیں۔



3

## 3۔ چھاتی کا ناپ

یہ ناپ چھاتی کے اُبھرے ہوئے حصے سے لیں۔ فیتہ نہ زیادہ ڈھیلا رکھیں۔ اور نہ زیادہ کھینچ کر۔ کیونکہ اس طرح ناپ صحیح نہیں ہوتا بلکہ فیتے کے دونوں سرے دائیں یا بائیں ہاتھ کی دو اُنگلیوں اور انگوٹھے سے اس طرح ملائیں کہ صحیح ناپ سامنے سے پڑھا جا سکے۔ (تصویر نمبر 3)

### 4۔ کمر کا ناپ



4

فیتے کو کمر کے گرد اس طرح لائیں کہ فیتہ خود بخود اصل کمر والے حصے میں آ جائے۔ فیتے کے دونوں سروں کے اندر کی طرف اپنے ہاتھ کی دو اُنگلیاں رکھیں تاکہ ناپ بہت تنگ نہ ہو۔ (تصویر نمبر 4)

### 5۔ کولھوں کا ناپ



5

یہ ناپ کمر سے 20 سینٹی میٹر ("8) نیچے لیا جاتا ہے۔ لیکن یہ ناپ قد کے مطابق ہوتا ہے۔ فیتے کو کولھوں کے اُبھار پر رکھ کر دونوں سرے ملائیں اور ناپ لیں۔ (تصویر نمبر 5)

### 6۔ قمیض کی لمبائی



6

قمیض کی لمبائی فیشن کے مطابق بدلتی رہتی ہے۔ لیکن لمبائی جو بھی ہو اس کے لیے فیتے کو اُوپر کندھے کے پاس (تصویر نمبر 6) رکھ کر جتنی لمبائی رکھنی ہو اس کے مطابق ناپ لیں۔ اس ناپ میں غور کریں کہ ذرا سا درمیان سے پکڑا ہوا ہے۔ سیدھا رکھنے سے قمیض کی لمبائی صحیح نہیں رہتی۔

### 7۔ آستین کا ناپ

آستین کے ناپ میں آستین کی لمبائی اور چوڑائی لی جاتی ہے۔ لمبائی کے لیے تصویر نمبر 7 کے مطابق فیتہ رکھیں۔ بازو کو خم میں لیں۔ فیتے کو کلائی تک لے جائیں اور ناپ لیں۔ اگر آستین تین چوتھائی یا آدھی بنانی ہو تو اس صورت میں بازو سیدھا ہی رکھیں۔ اگر آستین

پوری بنانی ہوتو آستین کی آگے سے چوڑائی کلائی کے ناپ کے مطابق رکھی جائے گی۔ (تصویر نمبر 8) لیکن اگر آستین تین چوتھائی یا آدھی بنانی ہوتو بازو کے اس حصے پر فیتہ رکھ کر ناپ لیں۔



7



8

# کپڑوں کی تیاری

## قمیض کا ڈرافٹ اور اُس کی کٹائی وسلائی

1۔ ڈرافٹ بنانا

جسم کے اگلے اور پچھلے حصہ کی بناوٹ چونکہ مختلف ہوتی ہے۔ اس لیے دونوں حصّوں کا ڈرافٹ الگ الگ بنایا جاتا ہے۔ ہر حصّے کا ڈرافٹ آدھا بنایا جاتا ہے اور تیار ہونے کے بعد ڈرافٹ ہمیشہ دوہرے کپڑے پر رکھ کر کاٹا جاتا ہے۔ تاکہ دونوں حصّے متوازن کٹیں۔ قمیض کا ڈرافٹ بنانے کے لیے اس کے اگلے، پچھلے حصّے اور آستین کا ڈرافٹ بنایا جاتا ہے۔ اس کے لیے درج ذیل ناپ لیے جاتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ لمبائی | 100 س م | (40") |
| 2۔ تیرہ | 36 س م | (14") |
| 3۔ چھاتی | 80 س م | (32") |
| 4۔ کمر | 70 س م | (26") |
| 5۔ کولھے | 90 س م | (36") |
| 6۔ گدی سے کمر تک کی لمبائی | 38 س م | (15") |
| 7۔ آستین کی لمبائی | 48 س م | (19") |

ڈرافٹ بنانے کے لیے ایک لائن عمودی اور پانچ لائنیں افقی لگائی جاتی ہیں۔اس کا حساب مندرجہ ذیل طریقے سے کریں اور الگ لکھ کر چارٹ بنالیں۔یہ ناپ ایک سترہ سالہ لڑکی کا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی لائن | ا ب | لمبائی | قمیض کی لمبائی+5 س م موڑنے کے لیے (عمودی) 100+5=105 س م |
| دوسری لائن | ا ج | تیرہ (چوڑائی) | 1/2 تیرہ=18 س م (افقی) |
| تیسری لائن | ج3ج4 | چھاتی | 1/4 چھاتی+2.5 س م گنجائش کا حق (افقی) 20+2.5=22.5 س م |
| چوتھی لائن | ج5ج6 | کمر | 1/4 کمر+2.5 س م گنجائش کا حق (افقی) (یہ لائن گدی سے کمر تک کے ناپ میں 2.5 س م جمع کر کے لگائی جاتی ہے) 17.5+2.5=20 س م |
| پانچویں لائن | ج7ج8 | کولھے | 1/4 کولھے+2.5=25 س م (یہ لائن کمر سے کولھے تک کی لمبائی 20 س م پر لی جائے گی) |
| چھٹی لائن | ب ج9 | دامن | یہ لائن کل لمبائی پر لی جائے گی (افقی) |

## قمیض کا اگلا حصّہ

1۔ ا ب= 105+2.5 س م (قمیض کے اگلے حصے میں پہلو کے ڈارٹ کے لیے)

2۔ ا ج=1/2 تیرہ

3۔ ج ج1=1/2 تیرہ+1.3 س م

4۔ ا ج3= ج ج1۔ان نکات کو آپس میں ملا لینے سے ایک چوکور بنتا ہے۔

5۔ ج3 سے ج4=1/4 چھاتی+2.5 س م

6۔ ا ج5= گدی سے کمر تک کا ناپ+2.5 س م (اگلے حصے کے لیے)

7۔ ج5 سے ج6=1/4 کمر+2.5 س م (ڈارٹ کے لیے)

8۔ ج7 سے ج8=1/4 کولھے+2.5 س م (یہ لائین ج5 سے 20 س م نیچے لی جائے گی)

9۔ ب ج9= ج7ج8

10۔ ا د=8 س م (گلے کی چوڑائی) ا د1=12 س م (گلے کی لمبائی) اس کا سائز پسند کے مطابق چھوٹا بڑا کیا جا سکتا ہے۔

11۔ ج سے ج2 =2.5 س م لے کر د سے ملا دیں۔یہ کندھے کی لائین بن جائے گی۔

12۔ ج2 کو ج4 سے گولائی میں اس طرح ملائیں کہ یہ لائین ج اور ج1 سے 1.3 س م اندر کی طرف ہو۔


13۔ ج4 کو ج6 سے ملائیں۔ج 6 کو ج8 اور ج9 سے ملا دیں۔

14۔ کمر کا ڈارٹ بنانے کے لیے ج5 سے 9 س م دائیں طرف نقطہ ک لگائیں۔ک کے دونوں طرف 1.3 پر ک1 اور ک2 لگائیں۔


15۔ ک سے 10 س م اوپر نقطہ ک3 اور 13 س م نیچے نقطہ ک4 لگائیں۔ک3 کو ک2 سے اور ک2 کو ک4 سے ملائیں۔اسی طرح ک3 کو ک1 سے اور ک1 کو ک4 سے ملائیں تا کہ ڈارٹ مکمل ہو جائے۔

16۔ پہلو کا ڈارٹ بنانے کے لیے ج4 سے 10 س م نیچے کی طرف نقطہ گ لگائیں۔

قمیض کا اگلا حصہ




قمیض کا پچھلا حصہ



17۔ ک 3 سے 2.5 س م اوپر اور 2.5 س م دائیں طرف نقطہ ل لگائیں۔ گ کو ل سے سیدھا ملالیں اب گ کے دونوں طرف 1.3 س م کے فاصلے پر گ 1 اور گ 2 لگائیں۔ اور ان کو ل سے ملا دیں۔

## سلائی کا حق

1۔ قمیض کی اطراف کے لیے 2.5 س م سلائی کا حق رکھیں۔

2۔ گولائی والے حصّوں کے لیے 1.5 س م سلائی کا حق رکھیں۔

3۔ قمیض کے نچلے حصّے کی ترپائی کے لیے 5 س م اندر موڑنے کے لیے رکھیں۔

## قمیض کا پچھلا حصّہ

پچھلے حصّے کا ڈرافٹ تقریباً اگلے حصّے کی طرح بنایا جاتا ہے۔ لیکن اس میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں کی جاتی ہیں۔

1۔ ا د 1 = 5 س م یہ پچھلے حصّے کے لیے گلے کا سائز ہے۔ اس کو بھی پسند کے مطابق چھوٹا یا بڑا کیا جا سکتا ہے۔

2۔ ا ج 5 = 17.5 س م جبکہ اگلے حصّے میں یہ 20 س م رکھا جاتا ہے۔ اور پہلو کا ڈارٹ آنے سے یہ برابر ہو جاتا ہے۔

3۔ ج 2 کو ج 4 سے گولائی میں اس طرح ملائیں کہ یہ سیدھی لائن کو چھوتے ہوئے ج 4 سے ملے۔ اس کا فرق اگلے حصّے کے ساتھ ضرور دیکھیں۔

4۔ اگر پچھلے حصّے میں زپ لگانی ہو تو کولھوں سے 6 س م اوپر کی طرف زپ کے لیے نشان لگالیں۔

## آستین

ڈرافٹ بنانے کے لیے آستین کی لمبائی اور چوڑائی ناپ لیں۔ آستین کی لمبائی پسند کے مطابق پوری، آدھی یا تین چوتھائی رکھی جاتی ہے۔ اس لیے جتنی لمبی آستین رکھنی ہو وہاں تک فیتہ سے بازو کو ناپ لیں۔ آستین کے اوپر کے حصّے کی گولائی قمیض کے اگلے اور پچھلے مونڈھے سے ایک انچ بڑی ہونی چاہیے۔ آستین کی چوڑائی چھاتی کے ناپ سے ہی لی جاتی ہے۔ اس کا فارمولا یہ ہے۔

چھاتی کا ناپ گنجائش کا حق رکھنے کے بعد 80 س م ("32) + 10 س م ("4) = 90 س م

ا ب اس کا 1/5 نکال کر یعنی 90/5 = 18 س م ("7) رہ جاتا ہے۔

## سادہ آستین کا ڈرافٹ نمبر 1

ڈرافٹ درج ذیل طریقے سے بنائیں۔


ا ب 1 = 18 س م

ب ب 1 = 18 س م

ب د = ا ج
د ج = ا ب } اب ج د کو آپس میں ملا کر ایک مستطیل بنالیں۔

1۔ ا ب کو لمبائی کے رُخ دو حصّوں میں تقسیم کر کے ب 1 اور ب 2 نشان لگا کر سیدھی لائن میں ملا دیں۔

2۔ ا ب سے نیچے ا1 اور ا2 نشان 10 س م پر لگائیں اور سیدھی لائن میں ملا دیں۔




3۔ ا2 اور ا1 کو ب 1 سے ترچھا ملا دیں۔ اب ا1 اور ب 1 کے درمیان نشان ب 3 لگائیں اسی طرح ا2 اور ب 1 کے درمیان نشان ا3 لگالیں۔

4۔ ڈرافٹ میں دیے ہوئے طریقے کے مطابق ا1 کو ب3 اور ب3 کو ب 1 سے اس طرح گولائی سے ملائیں کہ یہ ا1 اور ب 3 کے نیچے 1.5 س م اور ب3 اور ب 1 کے اُوپر 0.5 س م ہو۔ اسی طرح ب 1 کو ا2 سے اس طرح ملائیں کہ یہ ب 1 اور ا3 کے اُوپر 1.5 س م اور ا2 کے نیچے 0.5 س م ہو۔

5۔ ب 2 سے دونوں طرف کلائی کے ناپ کا نصف لے کر ا1 اور ا2 سے ملا دیں۔


6۔ لمبائی میں دونوں طرف 2.5 س م اور ا1 سے ا2 تک گولائی میں 1.3 س م سلائی کے حق کے لیے نشان لگائیں۔

7۔ ب 2 سے اوپر 2.5 س م پر ب3 د1 ج1 نشان موڑنے کے لیے لگائیں۔

## سادہ آستین کا ڈرافٹ نمبر 2

1۔ ڈرافٹ بنانے کے لیے کاغذ کو دوہرا کرلیں اور درج ذیل طریقے سے ڈرافٹ بنائیں۔

اج = آستین کی لمبائی = 48 س م




ا ب = آستین کی چوڑائی = 18 س م

(یہ ناپ قمیض کی چھاتی کی لمبائی ج3 ج4 کے پانچویں حصہ کے برابر ہے)

ا سے ا1 اور ب سے ب1 = 10 س م

ا1 اور ب1 کو سیدھی لائن میں ملالیں۔

ا کو ب1 سے ترچھا ملادیں۔

آستین کے اگلے اور پچھلے حصے کی گولائی دیے گئے طریقے سے بنالیں۔

ج سے ج1 کلائی کے ناپ کا نصف ہے۔


ج1 کو ب1 سے ملالیں۔

2۔ آستین کے ڈرافٹ کی کٹائی کرلیں۔ کپڑے پر ڈرافٹ کو پن کرلیں۔

3۔ کپڑے پر کٹائی کرتے ہوئے لمبائی کے رُخ 2.5 س م اور گولائی میں 1.5 س م سلائی کا حق رکھ کر کٹائی کریں۔

## 2۔ قمیض کی کٹائی

جیسا کہ آپ پڑھ چکی ہیں کہ کپڑے کو کاٹنے سے پہلے اسے سکیڑنا، استری کرنا اور دونوں طرف سے سرے برابر کرنا ضروری ہے۔ اس لیے قمیض کی کٹائی سے پہلے یہ سارے عمل کرلیے جائیں۔ تا کہ کٹائی صحیح ہو سکے۔ اس کے بعد ڈرافٹ کو کپڑے پر پن کرلیں اور ڈرافٹ کے اُوپر کے سب نشان کپڑے پر لگالیں۔ یہ نشان درج ذیل طریقوں سے لگائے جا سکتے ہیں۔



### 1۔ ڈرافٹ میں سوراخ کرنے کے طریقے سے نشان لگانا

اس طریقے میں نوک دار پنسل استعمال کی جاتی ہے۔ کاغذ کے ڈرافٹ کی سلائی والی لائن پر 5 س م کے فاصلے پر پنسل سے اس طرح سوراخ کریں کہ آپ ان سوراخوں کی مدد سے کپڑے پر نشان لگا سکیں۔ ہر حصے میں اس طرح نشان لگائیں کہ اس حصے کو پوری طرح کپڑے پر لایا جا سکے۔ مثلاً کمر کے ڈارٹ کے لیے سامنے دیے ہوئے طریقے سے دو نشان اُوپر نیچے اور دو درمیان میں لگانے سے ڈارٹ کی لمبائی اور چوڑائی آسانی سے کپڑے پر بن سکے گی۔

اسی طرح پہلو کے ڈارٹ کے لیے ایک نشان بائیں طرف اور دو دائیں طرف لگانے سے پورا ڈارٹ بن سکے گا۔

کاغذ پر مکمل نشان لگانے کے بعد کپڑے کو لمبائی میں دوہرا تہ کرلیں۔ یاد رہے کہ کپڑے کی لمبائی اور چوڑائی کاغذ کے ڈرافٹ کی لمبائی اور چوڑائی کے برابر ہو۔ اس پر پن لگانے کے بعد بنائے

ہوئے سوراخوں میں پنسل سے کپڑے پر نشان لگائیں۔ایک طرف نشان لگانے کے بعد ڈرافٹ اُتار لیں اور یہی عمل دُوسری طرف دہرائیں۔نشان مکمّل ہونے پر ڈرافٹ اتار لیں اور نشان لگانے والے چاک سے ساری لائنیں مکمّل کر لیں۔

اسی طریقے سے آستین کے ڈرافٹ پر بھی سوراخ کر لیں اور کپڑے پر پن کرنے کے بعد نشان لگالیں ڈرافٹ اُتار کر دُوسری طرف لگائیں تاکہ دوسری آستین پر بھی نشان لگائے جاسکیں۔سارے نشان مکمّل ہونے پر ڈرافٹ اُتار لیں اور چاک سے لائین مکمل کر لیں۔

## 2۔ کاربن پیپر کے استعمال سے نشان لگانا

اس طریقے میں دو کاربن پیپر استعمال کیے جاتے ہیں۔ان کی سیدھی اور اُلٹی طرف اس طرح رکھی جاتی ہے کہ ایک ہی دفعہ ڈرافٹ کے سارے نشان کپڑے کے دونوں طرف لگ جاتے ہیں۔اس کا طریقہ درج ذیل ہے۔

1۔ کاغذ کے ڈرافٹ کو تہ والے حصّے سے کپڑے پر پن کر لیں۔

2۔ دوسری طرف سے صرف ڈرافٹ کو اٹھائیں اور کاربن پیپر کو (جس کی سیدھی طرف اُوپر ہو) کپڑے اور ڈرافٹ کے درمیان میں رکھیں۔(تصویر نمبر 1)

3۔ اب دُوسرا کاربن پیپر (جس کی اُلٹی طرف اندر اور سیدھی طرف باہر ہو) کپڑے کی دونوں تہ اٹھا کر نیچے رکھیں اور پنسل یا ٹریسنگ وہیل سے کاغذ کے ڈرافٹ سے کپڑے پر ٹریس کریں۔(تصویر نمبر 2)

جتنا لمبا کاربن پیپر ہوگا اتنے حصے پر نشان لگانے کے بعد کاربن پیپر کو اُٹھا کر آگے کر لیں اور اسی طریقے قمیض کو ٹریس کر لیں۔(تصویر نمبر 3) یہی عمل آستین کے لیے کریں۔



1



2



3

## 3۔ دھاگے کی مدد سے نشان لگانا

اس طریقے میں کپڑے کو دوہرا کر کے رکھتے ہیں۔اس پر ڈرافٹ کو رکھ کر دوہرے دھاگے اور سوئی سے لمبے لمبے ٹانکے لگائے جاتے ہیں۔دھاگے کا رنگ کپڑے کے رنگ سے مختلف ہونا چاہیے۔اس کے بعد ڈرافٹ کو اٹھا کر قینچی سے دھاگے کو کپڑے کی تہ اور کاغذ کے درمیان سے کاٹیں۔اس طریقے سے دھاگے کی سلائی کپڑے کے دونوں طرف آجائے گی۔یہ طریقہ گہرے رنگوں کے لیے مناسب ہے۔جن پر کسی اور طریقے سے نشان نظر نہیں آتے۔یہ عمل صرف سیکھنے کے دوران اختیار کرنا ضروری ہے۔کیونکہ مہارت ہونے اور طریقہ سمجھ آنے پر کپڑے پر خود بخود ہی نشان لگائے جاسکتے ہیں۔

## آستین کی کٹائی

اگر کپڑے کا عرض ایک میٹر سے کم ہو تو اکثر جوڑ لگانا پڑتا ہے۔ مہارت ہونے پر جوڑ لگانے والا طریقہ ٹھیک ہے لیکن شروع میں کوشش کریں کہ کپڑے کی چوڑائی اور لمبائی ڈرافٹ سے 5 س م بڑی ہو۔ دی ہوئی لمبائی اور چوڑائی کے برابر کپڑے کے دو ٹکڑے کاٹ کر اس طرح رکھیں کہ دونوں کی سیدھی طرف اندر ہو۔ ورنہ قمیض کے اگلے حصے کی گولائی ٹھیک رخ نہیں آئے گی۔

ڈرافٹ کو پن کرنے کے بعد پنسل سے سوراخوں میں سے نشان لگالیں۔ ڈرافٹ اُتارنے کے بعد نشان مسلسل لائن میں ملا کر کاٹ لیں۔

## 3۔ قمیض کی سلائی

1۔ قمیض سینے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ گولائی والے حصوں یعنی گلے اور مونڈھے والے کنارے پر مشین سے 0.4 س م پر بخیہ لگالیں اس طرح گولائیاں بڑی نہیں ہوتیں۔ ورنہ گلا اور مونڈھے کھنچ جانے کی وجہ سے بڑے ہو جاتے ہیں۔

2۔ اگر زپ لگانی ہو تو سب سے پہلے زپ لگالیں۔

3۔ قمیض کے اگلے اور پچھلے حصے کے ڈارٹ بنالیں۔

4۔ قمیض کے اگلے اور پچھلے حصے کے کندھے آمنے سامنے رکھ کر سلائی کر لیں۔

5۔ گلا مکمل کر لیں۔

6۔ قمیض کے اگلے اور پچھلے حصے برابر رکھ کر پہلوؤں کی سلائی کر لیں۔ چاک کے لیے فیشن کی مناسبت سے کچھ حصہ خالی چھوڑ دیں۔

7۔ اب قمیض کو بغیر آستین لگائے پہن کر شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر دیکھ لیں۔ تاکہ اگر ڈارٹ اُوپر نیچے کرنے، قمیض تنگ یا ڈھیلی کرنے کی ضرورت ہو تو اس کو درست کر لیا جائے۔

8۔ آستین کو اطراف سے سی لیں۔

9۔ آستین کو قمیض کے ساتھ جوڑنے کے لیے آستین سیدھی اور قمیض اُلٹی کر کے آستین کو مونڈھے کے اندر ڈال کر دونوں سیونوں کو ملا کر کچا کر کے بخیہ لگالیں۔ مہارت ہونے پر کچا کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس حصے میں سلائی 0.6 س م سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ ورنہ جھول پیدا ہونے کی صورت میں آستین کی فٹنگ ٹھیک نہیں ہوگی۔


10۔ اگلے اور پچھلے حصے کے دامن اور چاک کو موڑ کر ترپائی کر لیں۔

# شلوار کا خاکہ اور اِس کی کٹائی و سلائی

## 1۔ سادہ شلوار

### 1۔ ڈرافٹ بنانا

سادہ شلوار بنانے کے لیے دو پائنچے اور چار گندے کاٹے جاتے ہیں۔ لیکن ڈرافٹ صرف ایک پائنچے اور دو گندوں کا بنتا ہے۔ جبکہ کپڑے پر کٹائی کرتے ہوئے دوہری تہ رکھنے سے دو پائنچے اور چار گندے بنتے ہیں۔





ڈرافٹ بنانے کے لیے پائنچے اور کُندے کی لمبائی چوڑائی کا ناپ لینا ضروری ہے۔ پائنچے کی چوڑائی عام طور پر فیشن کے مطابق رکھی جاتی ہے اور لمبائی میں شلوار کی کل لمبائی+5 س م نیفے کے لیے رکھے جاتے ہیں۔ اس طرح اگر شلوار کی لمبائی 100 س م ہے تو 5 س م نیفے کے جمع کرنے سے پائنچہ کی لمبائی 105 س م رکھی جائے گی۔ چوڑائی اگر تیار 40 س م ہے تو 38 س م رکھ کر کٹائی ہوگی کیونکہ 2.5 س م کُندے کی چوڑائی پائنچے میں آنے سے چوڑائی پوری ہو جائے گی۔ کُندے کی لمبائی کے لیے کچھ حساب کرنا ضروری ہے۔ جو مندرجہ ذیل ہے۔

کُندے کی لمبائی = پائنچہ کی لمبائی + میانی 5 س م نیفہ۔ اس طرح اگر پائنچہ کی لمبائی 105 س م ہے تو 105+46+5 س م جمع کرنے سے 156 س م لمبائی آتی ہے جو کُندے کے لیے رکھی جائے گی۔

کُندے کی چوڑائی عام طور پر پائنچے کی کل چوڑائی سے 5 یا 7 س م بڑی رکھی جاتی ہے اس کے علاوہ ذاتی پسند اور جسامت کا لحاظ بھی رکھا جاتا ہے۔ اگر زیادہ گھیر والی شلوار پسند ہو تو کُندے کی چوڑائی زیادہ رکھی جاتی ہے۔ اسی طرح بھاری جسم والی لڑکی کے لیے بھی کُندے کی چوڑائی زیادہ رکھی جاتی ہے۔

لیکن کُندے کے اوپر اور نیچے کی چوڑائی کے لیے مندرجہ ذیل فارمولا استعمال کیا جاتا ہے۔

یعنی اوپر سے کُندے کی چوڑائی =1/2 تیار لمبائی۔ مثال کے طور پر اگر شلوار کی تیار لمبائی 100 س م ہے تو کُندے کی چوڑائی = 100÷2 =50 س م ہوگی۔ نیچے سے کُندے کی چوڑائی 5 س م یا ذرا کم رکھی جاتی ہے۔ یہ فارمولا کسی بھی عمر کے فرد کی شلوار کا ڈرافٹ تیار کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔




شلوار کا ڈرافٹ درج ذیل مثالی ناپ کو مدِنظر رکھ کر تیار کیا جائے گا۔

لمبائی=100 س م+5 س م نیفہ و سیون=105 س م

میانی=46 س م=1/2 لمبائی۔5 س م=46 س م

پائنچے کی چوڑائی=38 س م لیکن فیشن کے مطابق اسے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔
(1/4 لمبائی+5 س م=25+5=30 س م)

شلوار کا ڈرافٹ دو حصّوں میں تیار ہوگا یعنی پائنچے اور کُندے۔

## 1۔ پائنچے

1۔ ایک عمودی لائین ا ج کھینچیں۔ ا ج = پائنچے کی لمبائی=105 س م

2۔ ا ج سے ایک افقی لائن ب د کھینچیں۔ ب د = پائنچے کی چوڑائی=38 س م

3۔ اس طرح 105 س م لمبی اور 38 س م چوڑی مستطیل بنالیں۔

اطراف پر 1.2 س م سیون کے لیے اور 5 س م نیفے کے لئے نشان

لگالیں۔




2۔ گُنڈے

1۔ ایک افقی لائن اب کھینچیں۔ اب=46س م

2۔ اب سے دوعمودی لائنیں اج اور ب د کھینچیں۔

اج اور ب د= پائنچہ کی لمبائی+ میانی+5س م= 105+46+5=156س م


3۔ ا سے 46س م نیچے نشان ک لگائیں۔اسی طرح د سے 46س م اوپر نشان گ لگائیں۔ک سے 2.5س م دائیں طرف اور گ سے 2.5 بائیں طرف نشان لگا کر دیے ہوئے طریقے سے ملالیں۔اس طرح یہ لمبائی پائنچہ کی لمبائی کے برابر ہوجائے گی۔

4۔ اطراف پر 1.5 سیون کے لیے اور 5س م نیفے کے لیے رکھ کر نشان لگائیں۔

## 2۔ شلوار کی کٹائی

عام سوتی کپڑے کا عرض 90س م ہوتا ہے۔جبکہ ریشمی کپڑے 110س م عرض میں بھی ہوتے ہیں۔عرض کے مطابق کپڑے کو دوہرا کر کے کاغذ پر بنایا ہوا ڈرافٹ پن کر کے کاٹ لیں۔اس طرح دو پائنچے بن جائیں گے۔اب کپڑے کو دوبارہ دوہرا کر کے کاغذ پر بنا ہوا گُنڈے کا ڈرافٹ پن کرلیں اور نشان لگا کر کٹائی کرلیں۔

## 3۔ شلوار کی سلائی




شلوار کی سلائی بہت آسان ہے یہ سلائی مندرجہ ذیل طریقے سے ہوگی۔ ایک پائنچے کے دونوں طرف لمبائی کے رخ ایک ایک کندا اس طرح لگائیں کہ میانی ایک ہی رُخ نظر آئے۔اسی طرح دوسرے پائنچے کے ساتھ باقی کے دو کندے سی لیں۔اب دونوں طرف سے میانی آمنے سامنے سے ملا کر سی لیں۔اس کے بعد نیفہ بنائیں۔آخر میں پائنچوں کے نیچے فیشن کے مطابق چوڑی پٹی لگا کر پائنچے بنالیں۔پائنچے کے لیے دوہری پٹی کپڑے کے کنی والے حصے سے لیں۔دوہری پٹی میں ایک تہ بکرم کی رکھ کر پائنچے کے نیچے لگائی جاتی ہے۔اس کے علاوہ اکہری پٹی کے ساتھ بھی بکرم کی تہ لگائی جاسکتی ہے۔مزید برآں یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ پٹی کی لمبائی پائنچہ کی نچلی چوڑائی سے 7س م بڑی رکھی جاتی ہے۔تاکہ موڑنے کے بعد اوپر والے حصے کے برابر آسکے۔

## 2۔ بیلٹ والی شلوار

### 1۔ ڈرافٹ بنانا

بیلٹ والی شلوار بنانے کے لیے ایک پائنچہ، دو کندے اور ایک بیلٹ کا ڈرافٹ بنایا جاتا ہے۔ لیکن کپڑے پر دو پائنچے، چار کندے اور ایک بیلٹ کاٹے جاتے ہیں۔ اس کا ڈرافٹ بنانے کے لیے کل لمبائی میں سے بیلٹ کی لمبائی منفی کی جاتی ہے۔ باقی ناپ سادہ شلوار کی طرح لیے جاتے ہیں۔


ڈرافٹ بنانے کے لیے درج ذیل ناپ لیے جاتے ہیں۔

شلوار کی تیار لمبائی = 100 س م

کولھے = 90 س م

میانی = 46 س م

بیلٹ کی لمبائی = 18 س م




### پائنچے

پائنچے بنانے کے لیے شلوار کی تیار لمبائی میں سے 18 س م بیلٹ کے لیے نکال لیں۔ اس طرح پائنچے کی لمبائی 82 س م رہ جائے گی۔

1۔ ایک عمودی لائین ا ب کھینچیں۔ ا ب = 82 س م

2۔ ا اور ب سے ایک افقی لائین ج اور د کھینچیں۔ ج د = 38 س م پائنچے کی چوڑائی فیشن کے مطابق چھوٹی یا بڑی کی جاسکتی ہے۔

### گندے

1۔ گندے درج ذیل طریقے سے بنائیں۔

کندے کی لمبائی = پائنچہ کی لمبائی + میانی (18 س م بیلٹ کی لمبائی نکالنے کے بعد) + 2.5 (سیون)

= 82+28+2.5=112.5 س م

اس طرح ا ب = 46 س م

ا ج = 112.5 س م

2۔ ا سے 28 س م نیچے نشان ک لگائیں۔ اسی طرح د سے 28 س م اوپر نشان گ لگائیں۔

3۔ ک سے 2.5 س م دائیں اور گ سے 2.5 س م بائیں طرف نشان لگا کر دیے ہوئے طریقے سے ملالیں۔


بیلٹ

1۔ ایک افقی لائین اب کھینچیں۔

اب = کولھوں کا ناپ +15 س م (آسائش کا حق) = 90+15=105 س م

2۔ ا اور ب سے عمودی لائین ج د کھینچیں۔ ا ج اور ب د = کمر سے کولھوں تک کی لمبائی +5 س م (نیفہ وسیون)

= 18+5=23 س م




اب ج د مستطیل کو مکمل کرلیں۔ اور اب سے 5 س م نیچے کی طرف نیفہ کے لیے نشان لگائیں۔

**سلائی کا حق:** بیلٹ، پائنچے اور گندے کے اطراف کی سلائیوں کے لیے 1.5 س م سلائی کا حق رکھ کر نشان لگالیں۔

## 2۔ شلوار کی کٹائی

کپڑے کو لمبائی کے رُخ دوہرا کرلیں اور پائنچے کا خاکہ پن کرنے کے بعد کاٹ لیں۔ کپڑے کو دوبارہ دوہرا کریں اور گندے کا ڈرافٹ پن کرنے کے بعد کاٹ لیں۔ اس طرح چار گندے بن جائیں گے۔ بیلٹ کے ڈرافٹ کو دوہرے کپڑے پر پن کرنے کے بعد کاٹ لیں۔ کپڑے پر کٹائی کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے کہ کپڑا کسی طرح بھی ضائع نہ ہو۔ اس لیے کپڑے کے عرض کے مطابق اندازہ لگالیں۔ کہ پائنچے اور گندے کس طرح سے کاٹے جائیں کہ صرف بیلٹ کے درمیان میں جوڑ آئے۔

## 3۔ شلوار کی سلائی

1۔ سادہ شلوار کی طرح پائنچے اور گندے سی لیں۔

2۔ بیلٹ کو درمیان میں سے سی کر نیفہ بنالیں۔

3۔ پائنچوں کے درمیان میں دونوں طرف اس طرح چنٹ ڈالیں یا ڈارٹ بنائیں کہ فاصلہ دس دس سینٹی میٹر رہ جائے۔ تقریباً ساری چنٹ یا پلیٹ سامنے کی طرف آئے۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ ڈارٹ کا رُخ اندر کی طرف ہو۔


4۔ شلوار کے پچھلے حصے میں دو پلیٹ دائیں طرف اور دو پلیٹ بائیں طرف بنالیں یا چنٹ ڈال لیں۔

5۔ بیلٹ کو درمیان سے شلوار کے درمیان تک ملا کر پن کریں اور ساری بیلٹ کو شلوار کے ساتھ ملا کر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر پن لگائیں یا کچا کرلیں۔ بعد میں مشین سے سلائی کرلیں۔

6۔ پائنچوں کے نیچے پٹی لگالیں۔ پٹی کی چوڑائی پسند اور فیشن کے مطابق رکھی جاتی ہے۔ عام طور پر پٹی 6 س م چوڑی اور پائنچے کی لمبائی سے 7.5 س م بڑی رکھی جاتی ہے تاکہ پائنچے کے اوپر والے حصے کے برابر آسکے۔ یہ پٹی کنی کے رُخ لی جاتی ہے۔ دوہری پٹی کے درمیان میں ایک تہ بکرم یا ہم رنگ کپڑے کی رکھ کر لگائیں۔

## ایک سال کے بچے کا فراک

ایک سال کے بچے کا ناپ لینا چونکہ مشکل ہوتا ہے۔اس لیے اس کا ایک خاص ناپ اندازاً لے کر بنیادی ڈرافٹ تیار کیا جاتا ہے اور ڈیزائن کے مطابق اس میں تبدیلی کی جاتی ہے۔اس عمر کے بچوں کے فراک عموماً یوک والے ہوتے ہیں۔تاکہ بچوں کو آسانی سے پہنائے اور اتارے جاسکیں۔



فراک کا بنیادی ڈرافٹ درج ذیل طریقے سے بنایا جاتا ہے۔

### فراک کا بنیادی ڈرافٹ

ا ب = 26 س م

ا ج = 20 س م

ا ج = ب د اور ا ب = ج د

1۔ ا ب کے نصف پر نشان ک لگائیں۔

اسی طرح ج د کے نصف پر نشان گ لگائیں۔

ک گ کو سیدھی لائین میں ملالیں۔

2۔ اگلے حصے کا گلا بنانے کے لیے ا ب لائین پر ب سے 4.5 س م نیچے اور بائیں طرف 4.5 پر نشان ب 1، ب 2 لگا کر گولائی میں ملالیں۔

3۔ کندھا بنانے کے لیے ب 1 سے 6.5 س م پر نشان د لگائیں۔

د سے 1.2 س م نیچے نشان د 1 لگائیں۔ ب 1 'د 2 کو ترچھا ملالیں۔

4۔ مونڈھے کی گولائی بنانے کے لیے د سے 13 س م نیچے نشان ڈ لگائیں اور د کو ڈ سے سیدھی لائین میں ملالیں۔د 1 سے ڈ تک گولائی کرلیں۔

5۔ پچھلے حصے کا گلا بنانے کے لیے 2 س م نیچے کی طرف نشان ا 1 لگائیں۔ا ب لائین پر ا سے 4.5 س م پر نشان ا 2 لگائیں۔ا 1 کو ا 2 سے گولائی میں ملالیں۔پچھلے حصے کا کندھا بھی اگلے حصے کی طرح بنے گا۔مونڈھے کی گولائی بھی ڈرافٹ کے مطابق کرلیں۔


6۔ فراک کا بنیادی ڈرافٹ مکمل ہے۔اسے کاٹ کر دوسرے کاغذ پر ٹریس کرلیں اور 1.5 س م سلائی کے حق پر نشان لگائیں۔

### آستین

ضروری ناپ : آستین کی چوڑائی =25 س م ، آستین کی لمبائی =10 س م

کاغذ پر ا ب ج د مستطیل بنائیں۔جس میں ا ب =25 س م اور ا ج =10 س م۔ ا ب ج د کے نصف پر نشان ب 1، ب 2 لگا کر سیدھی لائین میں ملالیں۔ ا اور ب سے 3.7 س م نیچے نشان ل م لگائیں اور ان کو سیدھی لائین میں ملالیں۔ل اور م کو ب 1 سے

ملائیں۔ آستین کا پچھلا حصہ بنانے کے لیے ل ب 1 کے نصف پر نشان لگائیں اور خا کے کے نیچے 3 س م اور اوپر 6 س م نشان لگا کر گولائی میں ملالیں۔ اسی طرح آستین کا اگلا حصہ بنانے کے لیے م ب 1 کے نصف پر نشان لگائیں اور اوپر 3 س م اور نیچے 6 س م نشان لگا کر گولائی میں ملالیں اور 6 س م سلائی کا حق رکھ کر نشان لگالیں۔ اطراف میں 2.5 س م اور پچھلے حصے میں 5 س م سلائی کا حق رکھ کر نشان لگالیں۔




## فراک کے مختلف ڈیزائن بنانا

بچوں کے فراک کے مختلف ڈیزائن بنانے کے لیے بنیادی ڈرافٹ ہی استعمال کیا جاتا ہے۔ بنیادی ڈرافٹ سے مختلف ڈیزائن بنانے کے لیے درج ذیل نکات کو مدِ نظر رکھنا ضروری ہے۔

1۔ فراک کا ڈیزائن اچھی طرح سے دیکھنے کے بعد بنیادی ڈرافٹ بنائیں۔

2۔ ڈیزائن کے مطابق بنیادی ڈرافٹ میں نشان لگائیں۔

3۔ دیے ہوئے نشان سے ڈرافٹ کاٹ کر مختلف حصے الگ الگ ٹریس کرلیں۔

4۔ جن حصوں میں چنٹ نہ ڈالنی ہو۔ وہاں سلائی کی گنجائش کے لیے 6 س م پر نشان لگائیں۔

5۔ باقی حصے میں چنٹ یا پلیٹ کے لیے پسند کے مطابق 10 یا 13 س م آگے بڑھائیں اور نشان لگائیں۔

یہاں پر یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ فراک کا بنیادی ڈرافٹ بنانے کے بعد ہر حصے کا قطع کرنا اور سلائی کی گنجائش کا حق رکھنا ضروری ہے ورنہ فراک کا سائز چھوٹا ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اگر یوک میں کوئی پلیٹ وغیرہ ڈالنے ہوں تو اُن کے لیے بھی گنجائش رکھنی ضروری ہے۔

اگلے صفحات پر فراک کے دو نمونے بنانے کے لیے ڈرافٹ بنانے کا طریقہ دیا گیا ہے اس کے مطابق ڈرافٹ تیار کریں۔

## فراک کی کٹائی اور سلائی

فراک کے لیے عموماً دوہری یوک لگائی جاتی ہے۔ جو خوبصورت لگتی ہے۔ لیکن اکہری یوک بھی لگائی جا سکتی ہے۔ دوہری یوک بنانے کے لیے دو اگلے حصے اور چار پچھلے حصے کاٹے جاتے ہیں اور ان کی سلائی فراک کے نمونے کے مطابق کی جاتی ہے۔

# اے لائن فراک

یہ ایک ہی لمبائی کی فراک ہے اس کی باڈی علیحدہ نہیں ہوتی اور نہ ہی کمر پر پُنٹ پڑتی ہے۔اس کے لیے فراک کے گھیرے کی چوڑائی پر نشان لگایا جاتا ہے اور اس کو مونڈھے کی گولائی کے آخری سرے پر ترچھا ملا لیا جاتا ہے۔یہ دیگر تمام فراکوں سے زیادہ آسان ہے کیونکہ اس میں تمام سلائیاں سیدھی ہوتی ہیں۔

## ڈرافٹ بنانا

اگلا اور پچھلا حصہ:

1۔ بنیادی خاکے کے اگلے اور پچھلے حصے کو ٹریس کر لیں۔


2۔ اگلے کندھے سے نیچے کی طرف فراک کی کل درکار لمبائی کے لیے لائین الف ب لگائیں۔اسی طرح پچھلے کندھے سے نیچے کی طرف کل درکار لمبائی کے لیے لائین س ش لگائیں۔

3۔ ل س اور م س سے نیچے کی طرف لائن ک گ اور ف د لگائیں۔

4۔ ف اور گ سے 3 س م باہر کی طرف لائن گ1 اور ف1 لگائیں۔ف1 اور گ1 کو س سے ترچھا ملا لیں۔

5۔ پچھلے حصے میں بٹن کی پٹی بنانے کے لیے م د 5 س م باہر کی طرف لائن لگائیں اور اس کو سیدھا ملا لیں۔

6۔ مونڈھے اور گلے کی سلائی کے لیے 1.2 س م اور اطراف و پچھلے حصے کی ترپائی کے لیے 2 س م سلائی کا حق رکھیں۔



# یوک والا فراک

یہ فراک عام طور پر شیر خوار بچوں سے لیکر بڑی بچیاں بھی پہن سکتی ہیں۔ یوک سادہ کپڑے پر کڑھائی کر کے یا ڈیزائن دار کپڑے پر ربن یا لیس لگا کر بھی بنایا جا سکتا ہے۔ یوک کو زیادہ نمایاں کرنے کے لیے فرل بھی لگائی جا سکتی ہے۔

## ڈرافٹ بنانا

1۔ بنیادی خاکے کے اگلے اور پچھلے حصے کو ٹریس کر لیں۔


2۔ اگلے حصے کے یوک کے لیے الف اور ج سے نیچے کی طرف یوک کے لیے نشان ب د لگائیں۔


3۔ پچھلے حصے کے یوک کے لیے ف سے نیچے کی طرف نشان کٓ لگائیں۔ فٓ اور کٓ کو ہلکی سی گولائی میں ملائیں۔

4۔ یوک کو کاٹ لیں اور سلائی کے حق پر دیے گئے طریقے سے نشان لگا لیں۔

5۔ فراک کے اگلے حصے کی لمبائی کے لیے الف سے نیچے کی طرف فراک کی درکار لمبائی کے لیے لائن لگا لیں۔ اور چٹ کے لیے 10 س م سلائی کا حق رکھ کر نشان لگا لیں۔


6۔ فراک کے پچھلے حصے کے لیے بھی اسی عمل کو دوہرائیں۔ لیکن اس میں اوپر کی پٹی کے لیے 2 س م اور نچلی پٹی کے لیے 2.5 س م سلائی کا حق رکھ کر نشان لگائیں۔



# فراک کے مختلف نمونے





کیا آپ اپنے سکول جانے والے بچے سے مزدوری کروانا پسند کریں گے؟



''چائلڈ لیبر'' قوم کے لیے باعثِ ندامت ہے۔ بچوں سے مزدوری کروانے والے قابلِ سزا ہیں۔

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ منظور شُدہ نصاب کے مطابق معیاری اور سستی کُتب مُہیا کرتا ہے۔ اگر ان کُتب میں کوئی تصور وضاحت طلب ہو، متن اور اِملا وغیرہ میں کوئی غلطی ہو تو گزارش ہے کہ اپنی آرا سے آگاہ فرمائیں۔ ادارہ آپ کا شکر گزار ہو گا۔


فون نمبر: 042-99230672-76
فیکس نمبر: 042-99230679
ای میل: info@pctb.punjab.gov.pk
ویب سائٹ: www.pctb.punjab.gov.pk

مینجنگ ڈائریکٹر
پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ
21-ای-II، گلبرگ-III، لاہور

امانت دیانت صداقت شرافت

پنجاب
کریکولم اینڈ
ٹیکسٹ بک بورڈ
لاہور

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور